Helping families face dementia

# ڈیمنشیا کی ماہر
# ایڈمرل نرسیں



## ایڈمرل نرس کیا ہے؟

ایڈمرل نرسیں ڈیمنشیا کی ماہر نرسیں ہوتی ہیں جو ڈیمنشیا یوکے کی طرف سے سپورٹ اور تیار کی جاتی ہیں۔ وہ عمر کے تمام گروپوں میں پائے جانے والے ہر قسم کے ڈیمنشیا سے متاثرہ خاندانوں کی مدد کرتی ہیں، بشمول ڈیمنشیا کا جلد شکار ہو جانا (جہاں علامات 65 سال کی عمر سے پہلے ظاہر ہو جاتی ہیں)۔

ایڈمرل نرسیں پورے خاندان کی مدد کرنے پر اپنی توجہ مرکوز کرتی ہیں، بشمول کوئی بھی ایسے بچے یا نوجوان جو ڈیمنشیا میں مبتلا کسی شخص سے مربوط ہوں۔

تمام ایڈمرل نرسیں رجسٹرڈ نرسیں ہوتی ہیں اور وہ مختلف ترتیبات میں کام کرتی ہیں، بشمول:

- ڈیمنشیا یوکے کی مفت ہیلپ لائن (براہ کرم صفحہ 4 دیکھیں)
- ورچوئل کلینک اپائنٹمنٹس، بذریعہ فون یا ویڈیو کال (براہ کرم صفحہ 4 دیکھیں)
- مقامی کمیونٹیز
- ہسپتال
- ہاسپائسز
- کیئر ہومز

ایڈمرل نرسیں ڈیمینشیا یوکے کے مفت آن لائن سیشنز کی میزبانی کرتی ہیں، 'ڈیمنشیا: آگے کیا ہو گا؟' - براہ کرم صفحہ 4 دیکھیں۔ وہ ہماری ویب سائٹ پر موجود ڈیمنشیا کی معلومات کے ہر حصے کو بنانے میں بھی مدد کرتی ہیں: براہ کرم ملاحظہ کریں **dementiauk.org/information-and-support**

## ایڈمرل نرس کیسے مدد کر سکتی ہے؟

ایڈمرل نرسیں ڈیمنشیا کے تمام پہلوؤں کے متعلق انفرادی نوعیت کی جذباتی اور عملی مدد فراہم کرتی ہیں۔ وہ اس بات کو یقینی بناتی ہیں کہ دیکھ بھال کرنے والوں کے پاس وہ حکمت عملیاں اور مہارتیں موجود ہوں، جن کی انہیں ڈیمینشیا میں مبتلا شخص کی مدد کرنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے، مثال کے طور پر:



- مواصلات کی مہارتیں اور تکنیکیں
- رویے میں تبدیلیوں کو روکنے یا ان سے نمٹنے میں مدد
- مالی فوائد کو سمجھنے اور درخواست دینے کے بارے میں مشورہ
- جذباتی اور نفسیاتی مدد
- مستقبل کے لئے منصوبہ بندی
- دیگر خدمات جیسے سپورٹ گروپس اور دیکھ بھال کرنے والوں کو آرام کا عارضی وقفہ دینا
- دیکھ بھال اور مدد کا انتخاب کرنا اور کیئر ہوم میں منتقلی کا انتظام کرنا

ایڈمرل نرسیں خاندانوں کو صحت اور سماجی نگہداشت کے دیگر پیشہ ور افراد کے ساتھ مربوط ہونے اور ایسی مختلف خدمات کو باہم مربوط کرنے میں مدد کر سکتی ہیں، جو ڈیمنشیا میں مبتلا شخص کی مدد کے لیے کام کر رہی ہوتی ہیں۔

اس کے علاوہ، ایڈمرل نرسیں صحت اور سماجی نگہداشت کے دیگر پیشہ ور افراد کو ان کی ڈیمنشیا کی مہارتوں اور علم کو فروغ دینے میں مدد فراہم کرتی ہیں تاکہ وہ بھی ان لوگوں کی بہتر مدد کر سکیں جن کے ساتھ وہ کام کرتے ہیں۔

## ایڈمرل نرس سے کیسے رابطہ کریں

**'ڈیمنشیا: آگے کیا ہو گا؟' آن لائن سیشنز**
اگر آپ ڈیمنشیا میں مبتلا کسی شخص کی دیکھ بھال کر رہے ہیں یا خود اس حالت کے ساتھ رہ رہے ہیں، تو آپ ہمارے ان مفت آن لائن سیشنز کے لیے رجسٹر کر سکتے ہیں، 'ڈیمنشیا: آگے کیا ہو گا؟' ان کی میزبانی ایڈمرل نرسیں کرتی ہیں اور ان میں ڈیمنشیا کی اقسام، علامات، مالی اور قانونی مسائل اور مستقبل کے لیے منصوبہ بندی جیسے موضوعات شامل ہوتے ہیں۔ سائن اپ کریں: **dementiauk.org/dementia-what-next**۔

**ڈیمنشیا یوکے ہیلپ لائن**
ہماری قومی ہیلپ لائن ایڈمرل نرسیں چلاتی ہیں۔ یہ درج ذیل صورتوں میں بہترین ہے:

- آپ کو فوری مدد کی ضرورت ہو
- آپ شام یا اختتام ہفتہ پر ایڈمرل نرس سے بات کرنا چاہتے ہوں

تمام کالیں مفت اور رازدارانہ رکھی جاتی ہیں۔
کال کریں: 0800 888 6678
ای میل: **helpline@dementiauk.org**

کھلنے کے اوقات: پیر تا جمعہ صبح 9 تا رات 9 بجے تک؛ اور ہفتہ، اتوار اور بینک کی چھٹیوں کے دوران صبح 9 تا شام 5 بجے تک (25 دسمبر کے علاوہ)۔

ہماری ہیلپ لائن مصروف ہو سکتی ہے، اس لیے اگر آپ کی بات نہ ہو سکے، تو براہ کرم ایک وائس میل پیغام چھوڑیں اور ایک ایڈمرل نرس جلد از جلد آپ کو واپس کال کرے گی۔

**ورچوئل کلینک اپائنٹمنٹس**
ہمارا ورچوئل کلینک مائیکروسافٹ ٹیمز یا زوم پر فون یا ویڈیو کال کے ذریعے ایڈمرل نرس کے ساتھ پہلے سے بُک شدہ اپائنٹمنٹس پیش کرتا ہے۔ ورچوئل کلینک اپائنٹمنٹس 45 منٹ تک چلتی ہیں اور یہ درج ذیل صورتوں میں بہترین ہوتی ہیں:

- آپ کا کوئی تفصیل طلب سوال ہو

- آپ ایسے وقت میں کال کا بندوبست کرنا چاہتے ہوں جو آپ کے لیے آسان ہو، مثال کے طور پر جب کوئی اور شخص بھی ڈیمینشیا میں مبتلا فرد کے ساتھ بیٹھ سکتا ہو
- خاندان کے افراد یا دوسرے ایسے لوگ جو اس شخص کی دیکھ بھال کرتے ہوں، وہ بھی اپائنٹمنٹ میں ایک ساتھ شرکت کرنا چاہتے ہوں، چاہے وہ جغرافیائی طور پر ایک دوسرے کے قریب نہ بھی ہوں۔

بُک کریں: **dementiauk.org/book**

**کنسلٹنٹ ایڈمرل نرسز**
کنسلٹنٹ ایڈمرل نرسیں ڈیمنشیا کے بعض پہلوؤں میں مخصوص مہارت رکھتی ہیں۔ وہ ڈیمنشیا میں مبتلا ایسے لوگوں اور ان کی دیکھ بھال کرنے والوں کو ماہرانہ مشورہ، مدد اور آگاہی پیش کرتی ہیں، جن کی ضروریات پیچیدہ ہوں اور وہ ان کی مہارت کے شعبے میں آتی ہوں۔

ڈیمنشیا یوکے کے پاس کنسلٹنٹ ایڈمرل نرسیں درج ذیل کے لیے موجود ہیں:
- بچے اور نوجوان
- کمزوری کا شکار افراد
- لیوی باڈی ڈیمنشیا (لیوی باڈی سوسائٹی کے ساتھ مل کر)
- LGBTQ+ کمیونٹی
- کھیل اور ڈیمنشیا
- ڈیمنشیا کا جلدی شکار ہونے والے

وہ دیگر ایڈمرل نرسوں اور صحت اور سماجی پیشہ ور افراد کو ماہرانہ مشورہ اور آگاہی بھی فراہم کرتی ہیں۔ وہ اپنی مہارت کے شعبے کی سفیر ہیں اور ڈیمنشیا کی دیکھ بھال کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے اور اس کی تشکیل کرنے کے لیے تحقیق کرتی ہیں۔

اگر آپ کنسلٹنٹ ایڈمرل نرس کی مدد چاہتے ہیں، تو براہ کرم مزید معلومات کے لیے اور یہ جاننے کے لیے کہ آیا آپ ریفرل کے معیار پر پورا اترتے ہیں، ہماری ہیلپ لائن سے رابطہ کریں۔

### آپ کے علاقے میں
کمیونٹی ایڈمرل نرس کی خدمات ڈیمنشیا سے متعلق پیچیدہ ضروریات والے خاندانوں کی مدد کرتی ہیں۔ اپائنٹمنٹ آپ کے اپنے گھر میں یا GP سرجری جیسی جگہ میں بھی منعقد ہو سکتی ہے۔

آپ کا GP یا سوشل ورکر آپ کو بتا سکتا ہے کہ آیا آپ کے علاقے میں ایڈمرل نرس سروس موجود ہے اور آپ اس کے ساتھ اس بات پر تبادلہ خیال کر سکتے ہیں کہ آیا آپ یا آپ کا خاندان ریفرل کے معیار پر پورا اترتا ہے۔ آپ یہ جاننے کے لیے ہیلپ لائن سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کے لیے مقامی ایڈمرل نرس سروس موجود ہے۔

### ہسپتال میں
براہ کرم وارڈ کی انچارج نرس سے پوچھیں کہ کیا ہسپتال کے اندر ایڈمرل نرس سروس موجود ہے یا معلومات کے لیے ہیلپ لائن پر فون کریں۔

### کیئر ہوم یا ہاسپائس میں
کیئر ہوم/ہاسپائس کا مینیجر آپ کو یہ بتانے کے قابل ہو گا کہ آیا اس کیئر ہوم یا ہاسپائس سے کوئی ایڈمرل نرس منسلک ہے۔



## ایڈمرل نرسیں کیوں؟
ہماری نرسوں کا نام جوزف لیوی CBE BEM کے خاندان نے رکھا تھا، جس نے ان کے اعزاز میں ڈیمنشیا یوکے کی بنیاد رکھی تھی۔ جوزف کو ویسکولر ڈیمنشیا تھا اور وہ جہاز رانی سے محبت کی وجہ سے پیار سے ایڈمرل جو کے نام سے جانا جاتا تھا۔

# معاون وسائل

اگر آپ ڈیمنشیا میں مبتلا کسی شخص کی دیکھ بھال کر رہے ہیں یا خود اس حالت کے ساتھ رہ رہے ہیں، تو آپ ہمارے مفت آن لائن سیشنز 'ڈیمنشیا: آگے کیا ہو گا؟' کے لیے یہاں پر رجسٹر کر سکتے ہیں:
**dementiauk.org/dementia-what-next**

ہماری مفت ہیلپ لائن پر ایڈمرل نرس سے بات کرنے کے لیے، **0800 888 6678** پر کال کریں (پیر سے جمعہ صبح 9 سے شام 9 بجے تک، ہفتہ اور اتوار صبح 9 سے شام 5 بجے تک، 25دسمبر کے علاوہ ہر روز) یا ای میل کریں: **helpline@dementiauk.org**

اگر آپ چاہیں تو، آپ ایک ایسے وقت پر بھی ایڈمرل نرس کے ساتھ فون یا ویڈیو کال بک کر سکتے ہیں جو آپ کے اپنے لیے موزوں ہو: براہ کرم ملاحظہ کریں **dementiauk.org/book**

## ڈیمنشیا یوکے وسائل

### معلومات اور معاون وسائل

dementiauk.org/information-and-support

### آن لائن پڑھنے، ڈاؤن لوڈ کرنے یا آرڈر کرنے کے لئے مشاورتی کتابچے

dementiauk.org/our-leaflets

### ڈیمنشیا کے بارے میں

dementiauk.org/about-dementia

### ایک نگہداشت کنندہ کے طور پر اپنا خیال رکھنا

dementiauk.org/looking-after-yourself-as-a-carer

### تشخیص کے آس پاس معاونت

dementiauk.org/specialist-diagnosis-and-support

**ڈیمنشیا کے کسی بھی پہلو کے بارے میں ڈیمنشیا کی ماہر ایڈمرل نرس سے بات کرنے کے لیے:**

ہماری ہیلپ لائن سے رابطہ کریں:
**0800 888 6678** یا **helpline@dementiauk.org**

ورچوئل اپائنٹمنٹ بُک کریں:
**dementiauk.org/book**

**ہمارا خیراتی ادارہ ہمارے زندگی بدلنے والے کام کو فنڈ دینے کے لیے مکمل طور پر عطیات پر انحصار کرتا ہے۔ اگر آپ مزید خاندانوں کی سپورٹ میں ہماری مدد کے لئے عطیات دینا چاہتے ہیں:**

- **0300 365 5500** پر کال کریں۔
- وزٹ کریں: **dementiauk.org/donate**
- **QR** کوڈ اسکین کریں۔

**شکریہ۔**

DementiaUK
Helping families face dementia

**dementiauk.org** • **info@dementiauk.org**

اشاعت کی تاریخ: ستمبر 2024۔ نظرثانی کی تاریخ: ستمبر 2026۔ © ڈیمنشیا UK 2024

Dementia UK, 7th Floor, One Aldgate, London EC3N 1RE
ڈیمنشیا یوکے انگلینڈ اینڈ ویلز (1039494) اور سکاٹ لینڈ (SC 047429) میں رجسٹرڈ خیراتی ادارہ ہے۔

DUKC05 Admiral Nurse, Urdu